**Roll No.----------------------**

| Paper Code |
|---|
| **0220** |

(To be filled in the OMR Sheet)

प्रश्नपुस्तिका क्रमांक
**Question Booklet No.**

**O.M.R. Serial No.** | | | | | | | | |

प्रश्नपुस्तिका सीरीज
**Question Booklet Series**
**C**

# बी०ए० (भाग–3) परीक्षा–2022

## (0220)

# उर्दू

## प्रश्नपत्र–(द्वितीय)

**(Classical Genre)**
**(New Course)**

**समय : 2:00 घण्टा** **पूर्णांक–50**

**जब तक कहा न जाय, इस प्रश्नपुस्तिका को न खोलें**

**निर्देश : –**

1. परीक्षार्थी अपने अनुक्रमांक, विषय एवं प्रश्नपुस्तिका की सीरीज का विवरण यथास्थान सही– सही भरें, अन्यथा मूल्यांकन में किसी भी प्रकार की विसंगति की दशा में उसकी जिम्मेदारी स्वयं परीक्षार्थी की होगी।
2. **इस प्रश्नपुस्तिका में 100 प्रश्न हैं, जिनमे से सभी 100 प्रश्नों के उत्तर परीक्षार्थियों द्वारा दिये जाने है। प्रत्येक प्रश्न के चार वैकल्पिक उत्तर प्रश्न के नीचे दिये गये हैं। इन चारों में से केवल एक ही उत्तर सही है। जिस उत्तर को आप सही या सबसे उचित समझते हैं, अपने उत्तर पत्रक (O.M.R. ANSWER SHEET)में उसके अक्षर वाले वृत्त को काले या नीले बाल प्वांइट पेन से पूरा भर दें। यदि किसी परीक्षार्थी द्वारा निर्धारित प्रश्नों से अधिक प्रश्नों के उत्तर दिये जाते हैं तो उसके द्वारा हल किये गये प्रथमतः यथा निर्दिष्ट प्रश्नोत्तरों का ही मूल्यांकन किया जायेगा।**
3. प्रत्येक प्रश्न के अंक समान हैं। आप के जितने उत्तर सही होंगे, उन्हीं के अनुसार अंक प्रदान किये जायेंगे।
4. सभी उत्तर केवल ओ०एम०आर० उत्तर पत्रक **(O.M.R. ANSWER SHEET)** पर ही दिये जाने हैं। उत्तर पत्रक में निर्धारित स्थान के अलावा अन्यत्र कहीं पर दिया गया उत्तर मान्य नहीं होगा।
5. ओ०एम०आर० उत्तर पत्रक **(O.M.R. ANSWER SHEET)** पर कुछ भी लिखने से पूर्व उसमें दिये गये सभी अनुदेशों को सावधानीपूर्वक पढ़ लिया जाय।
6. परीक्षा समाप्ति के उपरान्त परीक्षार्थी कक्ष निरीक्षक को अपनी प्रश्नपुस्तिका बुकलेट एवं ओ०एम०आर० शीट पृथक–पृथक उपलब्ध कराने के बाद ही परीक्षा कक्ष से प्रस्थान करें।
7. निगेटिव मार्किंग नहीं है।

**0220**

महत्वपूर्ण : – **प्रश्नपुस्तिका खोलने पर प्रथमतः जॉच कर देख लें कि प्रश्नपुस्तिका के सभी पृष्ठ भलीभॉति छपे हुए हैं। यदि प्रश्नपुस्तिका में कोई कमी हो, तो कक्ष निरीक्षक को दिखाकर उसी सीरीज की दूसरी प्रश्नपुस्तिका प्राप्त कर लें।**

-1 میر انیس کا پورا نام کیا ہے؟

(A) میر ببر علی

(B) میر سلامت علی

(C) میر خلیق

(D) عبداللہ حسین

-2 رجز 'جنگ شہادت' کا تعلق کس صنف سخن سے ہے؟

(A) رباعی

(B) قصیدہ

(C) مرثیہ

(D) غزل

-3 مرثیہ کا شاعر درج ذیل میں سے کون ہے؟

(A) جگر

(B) میر انیس

(C) فراق

(D) ان میں سے کوئی نہیں

-4 'نمک خوان تکلم ہے فصاحت میری،
کس شاعر کا مصرعہ ہے؟

(A) ضمیر

(B) دبیر

(C) انیس

(D) خلیق

-5 دست خدا کا قوت بازو حسین ہے''
یہ مصرعہ کس شاعر نے کہا؟

(A) دبیر

(B) انیس

(C) ضمیر

(D) خلیق

-6 ''سوز وگداز''، ''رزم بزم'' کس صنفِ شاعری کی خصوصیات ہیں؟

(A) رباعی

(B) مرثیہ

(C) غزل

(D) قصیدہ

-7 ''ناطقے بند ہیں سن سن کے بلاغت میری''

کس مرثیہ گو شاعر کا مصرعہ ہے؟

(A) ضمیرؔ

(B) دبیرؔ

(C) میر انیسؔ

(D) مرزا سودا

-8 میر انیس کے والد کا نام کیا ہے؟

(A) مرزا دبیرؔ

(B) میر خلیق

(C) میر حسن

(D) میر ضمیر

-9 مرثیہ گو شاعر دبیرؔ کا پورا نام بتائیے؟

(A) علی سکندر

(B) علی سردار

(C) مرزا سلامت علی

(D) میر ببر علی

-10 مثنوی ''سحر البیان'' کس نے لکھی؟

(A) دیا شنکر نسیم

(B) میر حسن

(C) مرزا شوق

(D) ملا وجہی

11- نہا دھو کے نکلا وہ گل اس طرح
کہ بدلی سے نکلے ہے مہہ جس طرح
درج بالا شعر میں لفظ 'گل' کس کے لئے استعمال ہوا ہے؟
(A) بادشاہ کے لئے
(B) شہہ زادہ بے نظیر کے لئے
(C) بدر منیر کے لئے
(D) نجم النساء کے لئے

12- مثنوی گلزار نسیم کا تعلق کس دبستان سے ہے؟
(A) دبستان دہلی
(B) دبستان رام پور
(C) دبستانِ عظیم آباد
(D) دبستان لکھنؤ

13- مثنوی سحر البیان میں نجومیوں اور رمالوں نے شہزادے کو کتنے برس تک کھلے آسمان کے نیچے نہ لانے کا مشورہ دیا تھا؟
(A) اٹھارہ برس
(B) سولہ برس
(C) چودہ برس
(D) بارہ برس

14- مثنوی سحر البیان میں جنوں کے بادشاہ کے بیٹے کا کیا نام ہے؟
(A) آزاد بخت
(B) فیروز بخت
(C) سکندر بخت
(D) نیک بخت

15- چودھویں کا چاند دیکھ کر شہزادہ بے نظیر کے دل میں کیا امنگ پیدا ہوئی؟
(A) چھت پر سویا جائے
(B) باہر جایا جائے
(C) بادشاہ کے پاس جایا جائے
(D) ٹہلا جائے

16- رباعی میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) دس

(B) چار

(C) پانچ

(D) آٹھ

17- رباعی کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(A) آٹھ

(B) پانچ

(C) چار

(D) چھ

18- رباعی کے کون سے مصرعے میں سب سے زیادہ زور دیا جاتا ہے؟

(A) پہلا

(B) دوسرا

(C) تیسرا

(D) چوتھا

19- درج ذیل میں سے کون شاعر رباعی کے لئے مشہور ہے؟

(A) غالب

(B) رواںؔ

(C) ذوق

(D) مومن

20- جگت موہن لال کے تخلص کی نشاندہی کیجئے۔

(A) مجاز

(B) جذبی

(C) رواں

(D) ذوق

21- ''زہے نشاط اگر کیجئے اسے تحریر''
کس شاعر کا قصیدہ ہے؟
(A) غالب
(B) سودا
(C) ذوق
(D) مومن

22- ہجویہ قصیدہ گوئی کے لئے کون شاعر مشہور ہے؟
(A) مومن
(B) ذوق
(C) سوداؔ
(D) غالب

23- قصیدے کے ابتدائی اشعار کے لئے ادبی اصطلاح کون سی ہے؟
(A) تشبیب
(B) گریز
(C) مدح
(D) دعا

24- درج ذیل میں سے مرثیہ کا جز کون سا ہے؟
(A) تشبیب
(B) گریز
(C) رجز
(D) مدعا

25- درج ذیل میں کون سی صنف غزل کی طرز پر لکھی جاتی ہے؟
(A) رباعی
(B) قصیدہ
(C) مثنوی
(D) مرثیہ

26- قصیدہ کے لئے کیا ضروری ہے؟

(A) نرم اور پرسوز الفاظ

(B) بلند تخیل اور شوکت الفاظ

(C) عشقیہ جذبات

(D) حقیقت پسندی

27- ''قصیدہ'' لفظ قصد سے مشتق ہے، جس کے معنی ہیں؟

(A) ارادہ کرنا

(B) الگ الگ کرنا

(C) محبوب سے ملنا

(D) شعر پڑھنا

28- 'کاشی اور متھرا' کا ذکر کس قصیدہ گو نے اپنے قصیدے میں کیا ہے؟

(A) محسن کاکوروی

(B) سوداؔ

(C) ذوق

(D) غالب

29- ''گریز'' کا تعلق کس صنفِ شاعری سے ہے؟

(A) مثنوی

(B) قصیدہ

(C) غزل

(D) رباعی

30- غالب کا پورا نام کیا ہے؟

(A) مرزا اسداللہ خاں

(B) نواب مرزا

(C) مرزا کلام اللہ

(D) شیخ ابراہیم

31- غالبؔ کی پیدائش کس شہر میں ہوئی؟

(A) کانپور

(B) دلّی

(C) آگرہ

(D) لکھنؤ

32- درج ذیل میں کون شاعر غالب کا ہم عصر ہے؟

(A) میر

(B) ذوق

(C) سودا

(D) درد

33- درج ذیل میں سے کون الگ ہے؟

(A) سوداؔ

(B) میرؔ

(C) دردؔ

(D) ذوقؔ

34- غالب کس شہر میں دفن ہیں؟

(A) آگرہ

(B) دلّی

(C) لکھنؤ

(D) بریلی

35- ''قصیدہ'' کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) فارسی

(B) عربی

(C) ہندی

(D) ترکی

36- قصیدہ کے لغوی معنی ہیں؟

(A) نرم چیز

(B) مغز یا گاڑھا گودا

(C) چھلکا

(D) ان میں سے کوئی نہیں

37- قصیدہ کی روایت کہاں ملتی ہے؟

(A) ہندوستان

(B) ایران

(C) عرب

(D) جاپان

38- درج ذیل میں کون قصیدہ گوئی کے لئے مشہور ہے؟

(A) انیس

(B) دبیر

(C) سودا

(D) اقبال

39- مدح کا تعلق کس صنف سخن سے ہے؟

(A) غزل

(B) قصیدہ

(C) مثنوی

(D) رباعی

40- ایسا قصیدہ جس میں کسی کی تعریف بیان کی جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) مذمت

(B) ہجویہ

(C) مدحیہ

(D) طنزیہ

41- قصیدہ شہرآشوب کس نے لکھا؟

(A) میرؔ

(B) غالبؔ

(C) سوداؔ

(D) ذوق

42- وہ کون سی صنفِ شاعری ہے جس میں کسی کی مدح یا ہجو بیان کی جاتی ہے؟

(A) غزل

(B) رباعی

(C) مرثیہ

(D) قصیدہ

43- قصیدہ گوئی کی ابتدا ہوئی؟

(A) اردو شاعری

(B) عربی شاعری

(C) فارسی شاعری

(D) ہندی شاعری

44- اردو میں قصیدہ کس زبان سے آیا؟

(A) عربی

(B) فارسی

(C) ہندی

(D) ترکی

45- انتخاب منظومات حصہ دوم کس ادارہ سے شائع ہوئی؟

(A) اترپردیش اردو اکادمی

(B) انجمن ترقی اردو

(C) این سی پی یو ایل

(D) ساہتیہ اکادمی

46- غالبؔ نے کس بادشاہ کی تعریف میں قصیدہ لکھا؟

(A) ہمایوں

(B) بہادرشاہ ظفر

(C) شاہجہاں

(D) بابر

47- ''قصیدہ'' لفظ کس لفظ سے بنا ہے؟

(A) قصّہ

(B) قصد

(C) قصور

(D) ان میں سے کوئی نہیں

48- مدح خیرالمرسلین کس طرح کا قصیدہ ہے؟

(A) مزاحیہ

(B) بیانیہ

(C) نعتیہ

(D) ان میں سے کوئی نہیں

49- ''سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل''
کس نے لکھا؟

(A) محسن کاکوروی

(B) غالب

(C) مومن

(D) ذوق

50- شاعری کی اصطلاح میں قصیدہ اس نظم کو کہتے ہیں جس میں؟

(A) فلسفہ بیان کیا جائے

(B) کسی بھی موضوع پر بات کرنا

(C) کسی کی تعریف بیان کی جائے

(D) تاریخ بیان کی جائے

-51 خامہ کسے کہتے ہیں؟

(A) گھر

(B) قلم

(C) دوات

(D) روشنائی

-52 ''سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل'

اس مصرعہ کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(A) مرثیہ

(B) مثنوی

(C) قصیدہ

(D) غزل

-53 لات و ہبل کیا ہے؟

(A) باغ

(B) بت کے نام

(C) شہر کا نام

(D) تخلص

-54 شب کو مہتاب نظر آئے نہ دن کو خورشید

ہے یہ اندھیر مچائے ہوئے تاثیر زحل

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) ذوق

(B) محسن کاکوروی

(C) غالب

(D) سودا

-55 زحل کسے کہتے ہیں؟

(A) آسمان کو

(B) چاند کو

(C) ستارے کو

(D) سورج کو

-56 درج ذیل میں سے کون شاعر نعت گوئی کے لئے مشہور ہے؟

(A) جگر

(B) محسن کاکوروی

(C) غالب

(D) درد

-57 مرثیہ کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) ہندی

(B) عربی

(C) فارسی

(D) اردو

-58 مرثیہ کس لفظ سے نکلا ہے؟

(A) مرصع

(B) رثا

(C) ثابت

(D) ثمر

-59 مرثیہ لفظ کے کیا معنی ہیں؟

(A) آہ و بکا

(B) تعریف

(C) التجا

(D) دل کی بات

-60 مرثیہ کے اجزائے ترکیبی میں درج ذیل میں سے کیا شامل نہیں؟

(A) چہرہ

(B) سراپا

(C) رخصت

(D) گریز

61- رجز کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے؟

(A) مرثیہ

(B) قصیدہ

(C) غزل

(D) رباعی

62- ''مرثیہ غالب'' کو کس طرح کا مرثیہ کہا جائے گا؟

(A) مرثیہ

(B) شخصی مرثیہ

(C) توصیفی مرثیہ

(D) طنزیہ مرثیہ

63- ''مرثیہ'' کسے کہا جاتا ہے؟

(A) کسی بھی شخص کا مرثیہ

(B) شہدائے کربلا کا مرثیہ

(C) کسی امیر کے مرثیہ کو

(D) کسی بادشاہ کے مرثیہ کو

64- شبّیر کس کا نام ہے؟

(A) حضرت علیؓ

(B) حضرت عباسؓ

(C) حضرت امام حسینؓ

(D) حضرت امام حسنؓ

65- عون و محمد کی والدہ کا کیا نام ہے؟

(A) حضرت شہر بانوؓ

(B) حضرت زینبؓ

(C) ام کلثومؓ

(D) حضرت فاطمہؓ

66- حضرت جعفرؓ طیار کس کے بھائی ہیں؟

(A) حضرت امام حسنؓ

(B) حضرت عباسؓ

(C) حضرت مسلمؓ

(D) حضرت علیؓ

67- مرثیہ عام طور پر کس ہیئت میں لکھا جاتا ہے؟

(A) مخمس

(B) مسدّس

(C) رباعی

(D) مثلث

68- درج ذیل میں کون اردو کا مشہور مرثیہ گو شاعر ہے؟

(A) ذوق

(B) میرانیس

(C) غالب

(D) مومن

69- درج ذیل میں کون مشہور مرثیہ گو شاعر ہے؟

(A) جگر

(B) دبیرؔ

(C) فراق

(D) حسرت

70- انیسؔ کس لیے مشہور ہیں؟

(A) افسانہ نگاری

(B) مرثیہ گوئی

(C) قصیدہ گوئی

(D) ناول نگاری

71- کس نے کہا تھا......

پانچویں پشت ہے شبّیر کی مداحی میں

(A) خلیق

(B) ضمیر

(C) انیس

(D) دبیر

72- انیس کے والد کا نام کیا تھا؟

(A) ببّر علی

(B) میر مستحسن خلیق

(C) سلامت علی

(D) میر حسن

73- انیس کی پیدائش کس شہر میں ہوئی؟

(A) بریلی

(B) کانپور

(C) فیض آباد

(D) لکھنؤ

74- مثنوی سحر البیان کے مصنف میر حسن کا میر انیسؔ سے کیا رشتہ ہے؟

(A) نانا

(B) دادا

(C) چچا

(D) والد

75- ''موازنہ انیس و دبیر' کے مصنف کا نام بتایئے؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) سرسید

(C) حالی

(D) شبلی

76- ''ناطقے بند ہیں سن سن کے بلاغت میری''
کس شاعر نے کہا؟
(A) ضمیر
(B) انیس
(C) دبیر
(D) خلیق

77- ''موازنہ انیس و دبیر'' کس تنقید کا نمونہ ہے؟
(A) تاثراتی
(B) مارکسی
(C) جمالیاتی
(D) تقابلی

78- انیس کا موازنہ عام طور پر کس شاعر سے کیا جاتا ہے؟
(A) خلیق
(B) دبیرؔ
(C) سوداؔ
(D) میر

79- مدّاحی کسے کہتے ہیں؟
(A) مزاح
(B) طنز
(C) تعریف
(D) برائی

80- حیدر لقب ہے؟
(A) حضرت عباس کا
(B) حضرت علی کا
(C) امام حسین کا
(D) حضرت مسلم کا

81- فاتحِ بابِ خیبر کسے کہا گیا ہے؟

(A) حضرت جعفر طیار

(B) حضرت عباس

(C) حضرت علی

(D) امام حسین

82- نسیمِ سحری کسے کہتے ہیں؟

(A) رات کی ہوا

(B) صبح کی ہوا

(C) گرم ہوا

(D) ان میں سے کوئی نہیں

83- درج ذیل میں کون شاعر مشہور مثنوی نگار ہے؟

(A) علی سکندر

(B) دیا شنکر نسیم

(C) حیدر علی آتش

(D) اسرار الحق مجاز

84- ''تاریخ ادب اردو'' کس کی کتاب ہے؟

(A) اصغر عباس

(B) آل احمد سرور

(C) نور الحسن نقوی

(D) صغیر افراہیم

85- درج ذیل میں کون مثنوی نگار شاعر نہیں ہے؟

(A) نسیم

(B) میر حسن

(C) شوق

(D) ذوق

86- مصرعہ کسے کہتے ہیں؟

(A) دوسرے شعر کو

(B) شعر کی ایک سطر

(C) شعر کی دو سطروں کو

(D) ان میں سے کوئی نہیں

87- مصرعہ کے کیا معنی ہوتے ہیں؟

(A) دروازہ

(B) کواڑ کا ایک پٹ

(C) دو کواڑ

(D) ان میں سے کوئی نہیں

88- سوداؔ کس صدی کے شاعر ہیں؟

(A) بیسویں

(B) انیسویں

(C) اٹھارہویں

(D) سولہویں

89- ''آب حیات'' کے مصنف کا کیا نام ہے؟

(A) گیان چند

(B) محمد حسین آزاد

(C) شبلی

(D) حالی

90- مقدمۂ شعروشاعری کس مصنف کی کتاب ہے؟

(A) سوداؔ

(B) حالیؔ

(C) سرسید

(D) اقبال

91- سودا کی پیدائش کس شہر میں ہوئی ؟

(A) کانپور

(B) بریلی

(C) دہلی

(D) لکھنؤ

92- سودا کے والد کا کیا نام ہے؟

(A) رفیق احمد

(B) محمد شفیع

(C) علی متقی

(D) ولی محمد

93- سودا نے کس شعبہ میں ملازمت کی؟

(A) تعلیم

(B) فوج

(C) تحصیل

(D) کسٹم

94- سودا کے عہد کے دوسرے بڑے شاعر کا کیا نام ہے؟

(A) ذوق

(B) مومن

(C) میر تقی میر

(D) غالب

95- ''میں حضرت سودا کو سنا بولتے یارو''

کس شاعر نے کہا؟

(A) غالب

(B) میر

(C) سودا

(D) درد

96- ہاں مہہ نو سنیں ہم اس کا نام
جس کو تو جھک کے کررہا ہے سلام
یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) غالب

(B) ذوق

(C) سودا

(D) درد

97- خطابیہ اور تمہید یہ کس صنف کی قسمیں ہیں؟

(A) غزل

(B) قصیدہ

(C) مثنوی

(D) مرثیہ

98- قصیدہ میں مبالغہ ہوتا ہے؟

(A) کبھی کبھی

(B) نہیں

(C) جی ہاں

(D) کبھی نہیں

99- ''صریر'' لفظ کے ذوقؔ نے اپنے قصیدہ میں کیا معنی لئے ہیں؟

(A) جانوروں کی آواز

(B) قلم کی آواز

(C) پرندے کی آواز

(D) انسان کی آواز

100- درج ذیل میں بہادر شاہ ظفر کا استاد کون شاعر ہے؟

(A) سودا

(B) ذوق

(C) مومن

(D) درد

**Rough Work / रफ कार्य**

**<u>DO NOT OPEN THE QUESTION BOOKLET UNTIL ASKED TO DO SO</u>**

1. Examinee should enter his / her roll number, subject and Question Booklet Series correctly in the O.M.R. sheet, the examinee will be responsible for the error he / she has made.
2. **This Question Booklet contains 100 questions, out of which All 100 Question are to be Answered by the examinee. Every question has 4 options and only one of them is correct. The answer which seems correct to you, darken that option number in your Answer Booklet <u>(O.M.R ANSWER SHEET)</u> completely with black or blue ball point pen. If any examinee will mark more than one answer of a particular question, then the first most option will be considered valid.**
3. Every question has same marks. Every question you attempt correctly, marks will be given according to that.
4. Every answer should be marked only on Answer Booklet **<u>(O.M.R ANSWER SHEET)</u>.**Answer marked anywhere else other than the determined place will not be considered valid.
5. Please read all the instructions carefully before attempting anything on Answer Booklet**(O.M.R ANSWER SHEET).**
6. After completion of examination please hand over the Answer Booklet **<u>(O.M.R ANSWER SHEET)</u>** to the Examiner before leaving the examination room.
7. There is no negative marking.

**Note:** On opening the question booklet, first check that all the pages of the question booklet are printed properly in case there is an issue please ask the examiner to change the booklet of same series and get another one.